This question paper contains **4** printed pages]

B—445—2019

FACULTY OF HUMANITIES

B.A. (Second Year) (Fourth Semester) (Backlog) EXAMINATION

OCTOBER/NOVEMBER, 2019

(New Course)

URDU

Paper VII (Optional)

(Khaka aur Swaneh Nigari)

(Theory+MCQ)

(Wednesday, 27-11-2019) **Time : 2.00 p.m. to 4.00 p.m.**

Time—Two Hours *Maximum Marks*—40

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

(Theory)

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کوئی دو کے بحوالہء سیاق وسباق تشریح کیجئے : ۱۰

(۱) ''آدمی کو پہچاننے میں اُنہیں خاص ملکہ تھا۔تھوڑی سی ملاقات اور بات چیت میں وہ آدمی کو پوری طرح بھانپ لیتے تھے۔ اِن کے ملنے والے بُرے اور بھلے ہر قسم کے آدمی تھے۔''

(۲) مصوّری اور شاعری کا کیا تقابل شاری میں تم جو چیزیں بیان نہیں کر سکتے۔ ہم رنگوں اور فارم میں بیان کر دیتے ہیں۔تم کہو تو میں ساری اُردو شاعری کو پینٹ کر رکھ دوں۔

(۳) ''زمانے کا نیا ٹھاٹ دیکھ کر پُرانی شاعری سے دِل سیر ہو گیا اور جھوٹے ڈھکو سلے باندھنے سے شرم آنے لگی تھی ۔۔۔۔قوم کے ایک سچّے خیرخواہ نے ۔۔۔۔ آکر ملامت کی اور غیرت دلائی کہ حیوان ناطق ہونے کا دعویٰ کرنا اور خدا کی دی ہوئی زبان سے کچھ کام نہ لینا بڑے شرم کی بات ہے۔''

P.T.O.

D3284FD4F0E055BED751697281758521

(۴) جو خطوط انہوں نے اپنے دوستوں کو لکھے ہیں ان کے ایک ایک حرف سے مہرومحبت وغم خواری و یگانگت ٹپکی پڑتی ہے۔ ہر ایک خط کو جواب لکھنا، وہ اپنے ذِمّے فرضِ عین سمجھتے تھے۔

۲۔ صنف سوانح نگاری کی تعریف بیان کرتے ہوئے سوانح کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالیئے۔ ۱۰

یا

مرزا غالبؔ کے اخلاق و عادات پر مفصل بحث کیجئے۔

۳۔ حالیؔ کو تعلیم کے حصول کی خاطر کس طرح کے مصائب و مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مختصراً تحریر کیجئے۔ ۵

۴۔ کنہیا لال کپور کے متعلق مجتبیٰ حسین نے کن خیالات کا اِظہار کیا ہے؟ ۵

(MCQ)

۵۔ تمام معروضی سوالات کے جوابات مطلوب ہیں : ۱۰

(۱) ''آدمی نامہ'' نثر کی کس صنف کا مجموعہ ہے؟

(A) انشائیوں (B) خاکوں

(C) ڈراموں (D) مضامین

(۲) مجتبیٰ ۲۵ کلومیٹر کا فاصلہ پیدل طے کر کے کس کو ملنے آتے ہیں؟

(A) مخدومؔ (B) کنہیا لال کپور

(C) سجاد ظہیر (D) مولوی عبدالحق

(۳) مولوی عبدالحق کے خاکوں پر مشتمل تخلیق کا نام کیا ہے؟

(A) آدمی نامہ (B) ہم نفسانِ رفتہ

(C) خنداں (D) چند ہم عصر

(۴) نصاب میں شامل رشید احمد صدیقی کا خاکہ کونسا ہے؟

(A) ایک وصیت کی تکمیل (B) مولانا محمد علی مرحوم

(C) وکیل صاحب (D) محسن الملک

(۵) حالیؔ کے بڑے بیٹے کا نام کیا تھا؟

(A) خواجہ اخلاق حسین (B) خواجہ الطاف حسین

(C) خواجہ عاطفِ حسین (D) خواجہ غلام حسین

(۶) مرزا غالبؔ کبھی بھی کس چیز کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے؟

(A) دولت (B) شہرت

(C) مرتبہ (D) خودداری

(۷) سوانح عمری کس انگریزی لفظ کا متبادل ہے؟

(A) Sketch (B) Biography

(C) Portrait (D) Autobiography

(۸) حالیؔ کے استاد کون تھے؟

(A) مومنؔ (B) میرؔ

(C) داغؔ (D) غالبؔ

P.T.O.

(۹) مرزا غالبؔ اکثر کس موضوع کی کتابیں پڑھتے تھے ؟

(A) مکتوبات (B) حقائق و معارف

(C) فتویٰ (D) شاعری

(۱۰) حالیؔ نے حیوانِ ناطق کے بجائے حیوانِ ظریف کس کو کہا ہے ؟

(A) غالبؔ (B) مولوی عبدالحق

(C) مجتبیٰ حسین (D) مخدومؔ محی الدین

D3284FD4F0E055BED751697281758521